BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

جون کے مہینے کو برامپٹن میں 'پارکس اینڈ ریکریئیشن منتھ' اور 'سینئرز منتھ' کے طور پر منایا جا رہا ہے!

برامپٹن، آن (1 جون 2022) – سٹی آف برامپٹن جون کے مہینے کو خصوصی تقریبات، سرگرمیوں اور مفت پروگراموں کے ساتھ پارکس اینڈ ریکریئیشن منتھ (پارکوں اور تفریح کا مہینہ) اور سینئرز منتھ (بزرگوں کا مہینہ) کے طور پر منا رہا ہے۔

سٹی کی جانب سے منعقد کی جانے والی درج ذیل تفریحی تقریبات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں:

صحت اور تندرستی کا قومی دن – بروز ہفتہ، جون 4، دن 10 سے دوپہر 12 بجے تک

فٹنس سکیوینجر ہنٹ، آؤٹ ڈور (™Zumba) کلاس اور سویٹ اینڈ فیٹ (Sweat and Fete) کارڈیو کلاس کے ڈیمو پروگرام میں حصہ لیں اور چنگواکوسی پارک میں لگائے جانے والے تندرستی اور فلاح و بہبود کے بوتھ کی مفید سرگرمیاں دریافت کریں۔ پہلے 150 شرکاء کو برامپٹن کے تفریحی مراکز میں 10 روزہ فٹنس ممبرشپ ٹرائل کے لیے ایک کوپن بھی دیا جائے گا۔ رجسٹریشن لازمی نہیں ہے۔ تفصیلات کے لیے یہاں پر کلک کریں۔

بزرگوں کے لیے موسم گرما کے پروگراموں میں رجسٹریشن – بروز پیر، مورخہ جون 6 سے شروع ہو رہی ہے۔

'بوب کیلہان فلاور سٹی سینئرز سنٹر' میں 'سینئرز سنٹر' کی رکنیت سازی کا عمل دوبارہ شروع ہو رہا ہے۔ سیشنل پروگراموں میں رجسٹریشن 6 جون سے شروع ہو رہی ہے جبکہ پروگرام 4 جولائی سے شروع ہوں گے۔ تفصیلات کے لیے یہاں پر کلک کریں۔

سینئرز سپرنگ فیسٹ - بروز جمعہ، 17 جون، دن 12 سے 3 بجے تک

برامپٹن کے ایسے رہائشی جن کی عمریں 55 سال سے زیادہ ہیں اور کیئر ٹیکرز کو سنچری گارڈنز ریکریئیشن سیٹر میں لنچ اور ڈانس ایونٹ میں مدعو کیا جاتا ہے۔ یہ تقریب امیکا پیل ولیج (Amica Peel Village) کے فراخدلانہ تعاون کے ساتھ پیش کی جا رہی ہے۔ رجسٹریشن لازمی ہے۔ تفصیلات اور رجسٹریشن کے لیے یہاں کلک کریں۔

انٹرنیشنل یوگا ڈے – بروز منگل، 21 جون، شام 7 سے 9 بجے تک

ماؤنٹ پلیزنٹ کمیونٹی سنٹر میں مفت آؤٹ ڈور یوگا کلاس میں شرکت کریں۔ شرکاء سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ خراب نہ ہونے والی غذائی اشیاء کا عطیہ دیں اور اپنے ساتھ گھاس پر ڈالنے کے لیے نہ پھسلنے والی یوگا چٹائی یا تولیہ لے کر آئیں۔ پہلے 100 شرکاء کو برامپٹن کے تفریحی مراکز میں 10 روزہ فٹنس ممبرشپ ٹرائل کے لیے ایک کوپن بھی دیا جائے گا۔ رجسٹریشن لازمی نہیں ہے۔ تفصیلات کے لیے یہاں پر کلک کریں۔

مفت ڈراپ ان پروگرام - سارا مہینہ

سٹی جون میں پارکس اینڈ ریکریئیشن منتھ اور سینئرز منتھ کے لیے مفت ڈراپ اِن پروگراموں کا بھی اہتمام کرے گا۔ تفریحی مراکز میں تشریف لانے کے لیے پہلے سے رجسٹریشن کروانے کی ضرورت نہیں ہے، تاہم، یہ سفارش کی جاتی ہے کہ وزیٹرز اپنے پسندیدہ پروگراموں کے لیے پہلے سے رجسٹر ہو جائیں، کیونکہ تمام خدمات پہلے آئیے، پہلے پائیے کی بنیاد پر پیش کی جاتی ہیں۔

'جون اِز پارکس اینڈ ریکریئیشن منتھ' کے ڈراپ ان کی تفصیلات کے لیے یہاں کلک کریں۔

'جون اِز سنئِرز منتھ' کے ڈراپ ان کی تفصیلات کے لیے یہاں کلک کریں۔

پارکس اور تفریحی پگڈنڈیاں تلاش کریں – سارا مہینہ

برامپٹن کے پارکس میں اور تفریحی پگڈنڈیوں پر ہائیک کریں، سائیکل چلائیں اور چہل قدمی کریں۔ سٹی پورے برامپٹن میں موجود 40 کلومیٹر سے زیادہ لمبی گائیڈڈ اور پکی تفریحی پگڈنڈیوں کی سہولت پیش کرتا ہے۔ تفصیلات کے لیے یہاں پر کلک کریں۔

اقتباسات

"جون کے مہینے کو برامپٹن میں 'پارکس اینڈ ریکریئیشن منتھ' اور 'سینئرز منتھ' کے طور پر منایا جا رہا ہے! برامپٹن ایک صحت مندانہ اور محفوظ شہر ہے اور میں ہر ایک کو اپنی کمیونٹی کی خوشیوں میں شرکت اور جشن منانے کی ترغیب دیتا ہوں۔ صحت مند اور متحرک رہیں اور لطف اٹھائیں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"پارکس اینڈ ریکریئیشن منتھ اور سینئرز منتھ کی مبارک باد قبول کریں! برامپٹن ہر عمر اور قابلیت کے حامل لوگوں کے لیے رہنے، کام کرنے اور کھیلنے کے لیے ایک بہترین جگہ ہے۔ اس مہینے کے دوران پیش کیے جانے والے ہمارے تمام پروگرام دریافت کریں اور ہمارے شہر کے خوبصورت پارکوں اور تفریحی پگڈنڈیوں کے نظاروں سے لطف اندوز ہونا یقینی بنائیں۔"

- *رووینا سینٹوس، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5؛ چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن میں پارکس اینڈ ریکریئیشن اور سینئرز منتھ کے حصے کے طور پر جون کے پورے مہینے کے دوران صحت اور تندرستی کے لیے ہماری کمیونٹی میں بہت سے مواقع دستیاب ہیں۔ جشن کا حصہ بننے کے لیے ہماری خصوصی تقریبات، سرگرمیوں اور مفت پروگراموں میں شرکت کریں۔"

- *چارمین ولیمز، سٹی کونسلر وارڈز 7 اور 8؛ وائس چیئر، کمیونٹی سروسز، سٹی آف برامپٹن*

"سٹی کا عملہ کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے مواقع فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ جون کے مہینے کو پارکس اینڈ ریکریئیشن اور سینئرز منتھ کے طور پر منانے کے لیے، اس مہینے کی تقریبات کے لیے رجسٹر کرائیں۔"

- *پال موریسن، انٹیرم چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca